# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 18 February-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۸؍فروری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ بینک میں رکھے ڈپازٹ کومزید محفوظ بنانے کیلئے بیمہ فراہم کرنے کی تجویز مرکزی حکومت کے زیرِ غور۔

☆ مائیکرو، چھوٹی اور درمیانی درجے کی صنعتوں کیلئے بلاِضمانت قرض فراہمی کی اسکیم کا آغاز۔

☆ ریاستی اسمبلی کے بجٹ اجلاس کا تین مارچ سے آغاز؛ 10 مارچ کو ہوگا بجٹ پیش۔

☆ گاڑیوں کو حفاظتی نمبر پلیٹ لگانے کیلئے ریاستی ٹرانسپورٹ کی جانب سے دی گئی مدت میں توسیع۔

اور۔۔۔☆ مراٹھی زبان کو عالمی سطح پر لے جانے کیلئے کوششیں کرنے کی گورنر کی اپیل۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

مالی خدمات محکمے کے سیکریٹری ایم ناگاراجو نے کہا ہے کہ بینکوں میں رکھے گئے ڈپازٹ کو مزید محفوظ بنانے کیلئے بیمہ فراہم کرنے کی تجویز حکومت کے زیرِ غور ہے۔ کل ممبئی میں ایک اخباری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ جن بینکوں میں بدعنوانیوں کے باعث کھاتے داروں کے پیسے پھنس گئے ہوں ایسے کھاتے داروں کو اس تجویز کی منظوری کے بعد مزید رقم نکالنا ممکن ہوسکے گا۔ فی الحال اس طرح کے معاملات میں ڈپازیٹرز پانچ لاکھ روپئے تک کی رقم نکال سکتے ہیں۔ ناگاراجو نے بتایا کہ بیمہ خریدنے کے بعد صارفین اس سلسلے میں ایک برس تک نظرِ ثانی کرسکتے ہیں۔ ایک برس تک اگر صارفین کو بیمہ اسکیم پسند نہ آئے تو بیمے کے پریمیم مد میں جمع کی گئی رقم انھیں واپس ملے گی۔

***** ***** *****

وزیرِ مالیات نرملا سیتا رمن نے کل مائیکرو، چھوٹے اور درمیانی درجے کی صنعتوں (ایم ایس ایم ای) کیلئے بلا ضمانت قرض جات کی فراہمی کا آغاز کیا۔ کل ممبئی میں سالانہ بجٹ پر مختلف کاروباری شخصیات سے تبادلۂ خیال کیلئے منعقدہ ایک اجلاس میں انھوں نے اس اسکیم کا افتتاح کیا۔ اس اسکیم کے باعث ایم ایس ایم ای کو مشینیں اور متعلقہ ساز و سامان خریدنے کیلئے 100 کروڑ روپئے کا بلا ضمانت قرض فراہم کیا جائے گا۔ گذشتہ برس ماہِ جولائی میں پیش کردہ بجٹ میں حکومت نے اس اسکیم کا اعلان کیا تھا۔ موجودہ سالانہ عام بجٹ میں مہاراشٹر کیلئے معقول مراعات نہ ہونے کا حزبِ اختلاف کا الزام نرملا سیتا رمن نے مسترد کردیا۔ انھوں نے بتایا کہ مرکزی حکومت کی مختلف اسکیموں کا فائدہ مہاراشٹر کے سرمایہ کاروں کو بھی مل رہا ہے، جس کے سبب مہاراشٹر دفاعی مصنوعات کی برآمد میں سرِ فہرست ہے۔

***** ***** *****

ریاستی قانون ساز اسمبلی کا بجٹ اجلاس آئندہ تین مارچ سے شروع ہوگا۔ پہلے دِن اسمبلی کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے گورنر خطاب کریں گے۔اس سلسلے میں جاری خبروں میں بتایا گیا ہے کہ وزیرِ خزانہ اجیت پوار 10 مارچ کو ریاست کا سالانہ عام بجٹ پیش کریں گے۔

***** ***** *****

گورنر سی پی رادھا کرشنن نے ترغیب دی ہے کہ زیادہ سے زیادہ لڑکیوں کو اعلیٰ تعلیم کیلئے راغب کرنے کی غرض سے ایس این ڈی ٹی یونیورسٹی کوشش کرے اور بالخصوص قبائلی اور دیہی علاقوں کے اسکولوں سے اس ضمن میں رابطے بڑھائے۔ پونا میں شریمتی ناتھی بائی دامودر ٹھاکرسی ''ایس این ڈی ٹی'' خواتین یونیورسٹی کے جلسۂ تقسیمِ اسناد سے وہ کل خطاب کررہے تھے۔اس موقع پر گورنر نے ہدایت کی کہ قبائلی علاقوں میں اعلیٰ تعلیم کے حصول سے طالبات کی کمی کو دور کرنے کیلئے اس مسئلے کا بغور جائزہ لیا جائے۔

***** ***** *****

وزیرِ محصول چندر شیکھر باون کُڑے نے اس بات کا اعادہ کیا ہے کہ عوام کیلئے راحت بخش کسی بھی اسکیم کو حکومت بند نہیں کرے گی۔کل ناگپور میں صحیفہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے وزیرِ موصوف نے کہا کہ چند ایک اسکیموں کا کچھ لوگوں نے غلط فائدہ اٹھایا ہے' اس بات کی جانچ کی جارہی ہے' لیکن اسکیموں کیلئے اہل افراد کو اس کا فائدہ یقینی طور پر پہنچایا جائے گا۔انھوں نے مزید کہا کہ او بی سی ریزرویشن کے سلسلے میں چند اُمور عدالتِ عظمیٰ میں زیرِ سماعت ہیں اور حکومت نے اس ضمن میں اپنا جواب جمع کروادیا ہے۔انھوں نے امید ظاہر کی کہ اس کا نتیجہ بہت جلد آئے گا اور ریاستی حکومت جلد از جلد مقامی جمہوری اداروں کے انتخابات کروائیگی۔

***** ***** *****

گاڑیوں کی اعلیٰ حفاظتی رجسٹریشن نمبر پلیٹ (ایچ ایس آر پی) لگانے کیلئے ریاستی ٹرانسپورٹ محکمے کی جانب سے مدت میں توسیع کی گئی ہے۔محکمے نے ہدایت کی ہے کہ صارفین آئندہ 30 اپریل سے قبل اپنی گاڑیوں پر یہ نمبر پلیٹس لگالیں۔ریاست میں 2019 سے قبل کی تمام گاڑیوں کو ایچ ایس آر پی لگانے کو عدالتِ عظمیٰ کے احکامات کے بعد لازمی قرار دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر ضلع میں مہاراشٹر جیون پرادھیکرن محکمے کے تحت جاری تعمیراتی کام تیزی سے مکمل کرنے کی ہدایت قانون ساز کونسل میں قائدِ حزبِ اختلاف امباداس دانوے نے دی۔کل ان کاموں کا جائزہ لینے کیلئے منعقدہ اجلاس سے وہ خطاب کررہے تھے۔ضلع پریشد کے شعبۂ آبرسانی کے تحت جاری کاموں کا بھی دانوے نے جائزہ لیا۔اس موقع پر ضلع پریشد کے چیف ایگزیکیٹو آفیسر ڈاکٹر وکاس مینا بھی موجود تھے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

سندھو دُرگ ضلع کے مالون میں واقع راجکوٹ علاقے میں چھترپتی شیواجی مہاراج کے مجسّمے کی تنصیب کیلئے بنیاد کل 19 فروری کو رکھی جائے گی۔چھترپتی کا جنگی لباس میں ملبوس 60 فٹ اونچا قدِ آدم مجسمہ یہاں نصب کیا جائے گا۔راجکوٹ قلعے پر اس سے قبل نصب کیے گئے مجسّمے کے منہدم ہوجانے کے واقعے کے پیشِ نظر نئے مجسّمے کی اندرونی ساخت اسٹین لیس اسٹیل کی رکھی گئی ہے۔معروف مجسمہ ساز رام سُتار کے نوئیڈا کے کارخانے میں یہ مجسمہ بنایا جارہا ہے۔

***** ***** *****

جماعتِ دہم اور بارہویں کے سوالیہ پرچے قبل از وقت افشاء ہونے کی خبروں کی مرکزی ثانوی تعلیمی بورڈ سی بی ایس ای نے تردید کی ہے۔سی بی ایس ای نے اپنے وضاحتی بیان میں کہا ہے کہ طلباء اور سرپرستوں میں خوف کا ماحول پیدا کرنے کے مقصد سے سماجی رابطوں پر اس طرح کی افواہیں پھیلائی جارہی ہیں اور ترغیب دی کہ ان افواہوں پر دھیان نہ دیں۔نیز اس طرح کی افواہیں پھیلانے والوں کے خلاف کارروائی کی جارہی ہے۔اس ضمن میں کسی بھی شک وشبہ کو دور کرنے کیلئے سی بی ایس ای بورڈ کی ویب سائٹ سے رابطہ کرنے کی تلقین بھی کی گئی ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع کے کنٹورتانڈہ میں بارہویں کے امتحانات کے دوران نقل کرتے ہوئے چار طلبہ کو بورڈ اور محکمۂ تعلیم کے ڈپٹی ڈائریکٹر کے اسکواڈ نے پکڑا۔ضلع میں کُل 107 امتحانی مراکز پر 23 ہزار 361 طلبہ میں سے 23 ہزار 69 طلبہ نے امتحان دیا۔

***** ***** *****

گورنر سی پی رادھا کرشنن نے اپیل کی ہے کہ مراٹھی زبان کو عالمی سطح پر فروغ دینے کیلئے کوششیں کریں۔نئی دہلی میں مجوزہ 98 ویں کُل ہند مراٹھی ساہتیہ سمّیلن کے سلسلے میں تیار کیے گئے ایک گیت کا اجراء بھی کل گورنر کے ہاتھوں عمل میں آیا۔اس موقع پر مراٹھی زبان کے وزیر اُدئے سامنت بھی موجود تھے۔بزرگ گلوکار ہری ہرن، شنکر مہادیون، پرینکا بروے، منگیش بورگاؤنکر اور شمیمہ اختر نے یہ گیت گایا ہے۔

دریں اثناء، دہلی میں مجوزہ ساہتیہ سمّیلن میں ایک پلیٹ فارم کو لوک شاہیرانا بھاؤ ساٹھے نام دیا گیا ہے۔ڈیموکریٹک پارٹی آف انڈیا کے ریاستی صدر راجنکیا چاند نے کل بیڑ میں ایک اخباری کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔

***** ***** *****

چھترپتی شیواجی مہاراج کے یوم پیدائش کے موقع پر شیوسینا ادھو باڑا صاحب ٹھاکرے پارٹی کی طرف سے چھترپتی سمبھاجی نگر میں شیواُتسو منایا جارہا ہے۔اس سلسلے میں گزشتہ روز شیو دور کے اسلحہ جات کا عملی مظاہرہ کیا گیا۔ممبئی کے نالاسوپارہ، کے ادارہ کے طلبہ نے یہ مظاہرہ پیش کیا۔اسی طرح گلوکاری کے مقابلے بھی کل منعقد ہوئے۔

***** ***** *****

لاتور میں کل ''جئے شیواجی، جئے بھارت'' پیدل یاترا نکالی جارہی ہے۔ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر-گھوگے نے زیادہ سے زیادہ شہریوں سے اس پیدل یاترا میں شرکت کرنے کی اپیل کی ہے۔اس یاترا کی قبل از تیاریوں کے جائزاتی اجلاس سے وہ مخاطب تھیں۔

***** ***** *****

اہلیانگر ضلع کے آہوانے بُدرک میں محوِ خواب گنیش کی ماگھی یاترا کا آج اختتام ہوگا۔سنکشٹ چترتھی سے شروع ہونے والی یہ یاترا تین دن تک جاری رہتی ہے۔اس یاترا کے موقع پر محوِ خواب گنیش مورتی کی پوجا کی جاتی ہے۔یہ تہوار ہندو-مسلم اتحاد کی علامت کے طور پر مشہور ہونے کی اطلاع ہمارے نمائندے نے دی ہے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ بینک میں رکھے ڈپازٹ کو مزید محفوظ بنانے کیلئے بیمہ فراہم کرنے کی تجویز مرکزی حکومت کے زیرِ غور۔

☆ مائیکرو، چھوٹی اور درمیانی درجے کی صنعتوں کیلئے بلاِ ضمانت قرض فراہمی کی اسکیم کا آغاز۔

☆ ریاستی اسمبلی کے بجٹ اجلاس کا تین مارچ سے آغاز؛ 10 مارچ کو بجٹ پیش ہوگا۔

☆ گاڑیوں کو حفاظتی نمبر پلیٹ لگانے کیلئے ریاستی ٹرانسپورٹ کی جانب سے دی گئی مدت میں توسیع۔

اور۔۔۔☆ مراٹھی زبان کو عالمی سطح پر لے جانے کیلئے کوششیں کرنے کی گورنر کی اپیل۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****